21 مئی، 2012ء

رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ کے دوران زرعی قرضوں کی فراہمی 15 فیصد سے زائد اضافے کے ساتھ 223.845 بلین روپے تک پہنچ گئی

رواں مالی سال (12-2011ء) کے پہلے 10 ماہ (جولائی۔اپریل) کے دوران بینکوں کی جانب سے زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں سالانہ بنیاد پر 15.29 فیصد کا اضافہ ہوا۔بینکوں نے رواں مالی سال (12-2011ء) کے پہلے 10 ماہ (جولائی۔اپریل) کے دوران زرعی شعبے کو 223.845 بلین روپے کے قرضے فراہم کیے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران زرعی شعبے کو 194.157 بلین روپے کے قرضے فراہم کیے گئے تھے۔اس طرح اس عرصے کے دوران زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں 29.688 بلین روپے اضافہ ہوا۔

پانچ بڑے کمرشل بینکوں، جن میں الائیڈ بینک لمیٹڈ (ABL)،حبیب بینک لمیٹڈ (HBL)،ایم سی بی بینک لمیٹڈ،نیشنل بینک آف پاکستان (NBP) اور یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ (UBL) شامل ہیں، کی جانب سے رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ (جولائی۔اپریل 2012ء) کے دوران مجموعی طور پر 120.415 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے گئے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران ان پانچ بینکوں نے زرعی شعبے کو 107.720 بلین روپے کے قرضے فراہم کیے تھے۔اس طرح ان پانچ بڑے کمرشل بینکوں کی جانب سے زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں جولائی۔اپریل 2012ء کے دوران 12.695 بلین روپے یا 11.79 فیصد اضافہ ہوا۔

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) جو سب سے بڑا اسپیشلائزڈ بینک ہے، نے رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ کے دوران 43.906 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ نے 43.681 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے تھے،اس طرح زرعی ترقیاتی بینک نے 0.51 فیصد زیادہ زرعی قرضے جاری کیے۔رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ کے دوران پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) کی جانب سے زرعی قرضوں کی فراہمی 6.352 بلین روپے رہی جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) نے 4.543 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے تھے،اس طرح پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) نے اس عرصے میں 39.81 فیصد زیادہ زرعی قرضے فراہم کیے۔

14 ملکی نجی بینکوں (DPBs) نے رواں مالی سال کے پہلے 10 ماہ کے دوران 44.143 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے جبکہ گذشتہ مالی سال کے ابتدائی 10 ماہ کے دوران ان بینکوں نے 38.213 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے تھے، یوں ان بینکوں کی جانب سے اس عرصے کے دوران 15.52 فیصد زیادہ زرعی قرضے فراہم کیے گئے۔

خوشحالی بینک لمیٹڈ، این آر ایس پی مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، دی فرسٹ مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، پاک اومان مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ اور تعمیر مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ سمیت پانچ مائیکروفنانس بینکوں نے جولائی۔اپریل 2012ء کے دوران مجموعی طور پر 9.030 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے۔

واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے پہلی مرتبہ مائیکروفنانس بینکوں کو رواں مالی سال کے لئے زرعی شعبے کو 12.20 بلین روپے کے قرضوں کی فراہمی کا مجوزہ ہدف دیا ہے۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے رواں مالی سال کے لئے زرعی قرضوں کی فراہمی کا 285 بلین روپے ہدف تجویز کیا ہے۔

/☆☆☆